# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● **نام کتاب:** تفسیر سورۃ القدر　　**مؤلف:** مشتاق احمد قریشی

**ضخامت:** 160　　**قیمت:** 150 روپے

**ناشر:** نئے افق پبلی کیشنز، روم نمبر 7، فرید چیمبر، عبداللہ ہارون روڈ۔ کراچی

اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت ورحمت تشبیہ وتمثیل سے ماوراء ہے۔ ذرہ سے لے کر سمندر تک بلکہ ثریٰ سے لے کر عرش وکرسی تک اس کی قدرت کے نشان ہیں۔ بنی نوع انسان کے لیے اور کوئی ہدایت نامہ نہ ہوتا تب بھی ان جواہر واعراض میں ہدایت کا بڑا سامان ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت حدود وقیود سے بے نیاز ہے۔ اس کی رحمت ہماری ہدایت کے لیے قرآن کریم کی شکل میں نمودار ہوئی، جس کے نزول کی ابتدء غارِ حرا اور انتہاء میدانِ عرفات ہے۔ دونوں مقام بندگی کی عملی تربیت گاہ ہیں۔ قرآنِ کریم کے عجائب رحمت کا ادراک کرنے سے عقل انسانی عاجز ہے، اس لیے شبِ قدر کی عظمتِ شان کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایک مستقل سورۃ نازل فرمائی، جس کا نام ''اَلقدر'' ہے۔ اس پانچ آیتوں والی سورۃ میں لیلۃ القدر کی رفعت وعظمت اور اس میں عبادت کا اجر وثواب زیرِ تبصرہ کتاب کا موضوع ہے۔

مصنف نے کتاب کی ابتداء میں سورۃ القدر کے پس منظر کے طور پر جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نزولِ وحی کے ابتدائی مراحل، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا منہاجِ دعوت اور اہل مکہ بالخصوص خاندانِ قریش کا ردِ عمل اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا صبر واستقامت، تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔ اس کے بعد سورۃ کی تفسیر میں ایک ایک آیت کی تفسیر اسلاف کی تشریحات کو سامنے رکھتے ہوئے بیان فرمائی ہے۔ اندازِ تحریر سادہ وسلیس ہے۔ عام آدمی بھی سہولت سے استفادہ کر سکتا ہے اور شبِ قدر کی عظمت وفضیلت کو اپنی روح میں اتار سکتا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ مصنف کی اس کاوش کو نافع بنائے اور ان کے لیے ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین

**مبصر: مفتی نجم الحق**

● **نام کتاب:** اشاریہ ششماہی مجلّہ: علوم القرآن، علی گڑھ (1985ء تا 2010ء)

**مرتبین:** سمیع الرحمٰن / محمد شاہد حنیف

**ضخامت:** 40　　**قیمت:** 60 روپے

**ملنے کا پتہ:** کتاب سرائے۔ اردو بازار لاہور، فضلی سنز۔ اردو بازار کراچی

کسی کتاب یا رسالے کے شروع میں فہرست دی جاتی ہے۔ جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس کتاب یا رسالے